**Tanvir / Fazil**

**24-05-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج نئی دلّی میں امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو کے ساتھ باہمی مذاکرات کریں گے۔

2- آیوشمان بھارت اسکیم، جولائی سے مغربی بنگال میں شروع ہونے جا رہی ہے۔ اس میں Swasthya Sathi مستفیدین کو شامل کیا جائے گا۔

3- مہاراشٹر SIT نے، ناسِک TCS جنسی زیادتی اور مذہب کی تبدیلی کے کیس میں، 4 ملزمان کے خلاف فردِ جرم دائر کی ہے۔

4- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ آبنائے ہُرمز کو دوبارہ کھولنے سمیت ایران کے ساتھ سمجھوتے پر بڑی حد تک بات چیت ہو گئی ہے۔

5- بھارت کے محکمۂ موسمیات نے آج دلّی سمیت شمالی، وسطی اور مشرقی بھارت کے کچھ حصوں میں شدید گرمی رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

6- ایتھلیٹکس میں، رانچی میں Gurindervir Singh نے فیڈریشن کپ میں ایک نئے قومی ریکارڈ کے ساتھ مردوں کے 100 میٹر مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

**Rev. Jaishankar Rubio Meet**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج نئی دلّی میں حیدرآباد ہاؤس میں امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو کے ساتھ باہمی میٹنگ کریں گے۔ توقع ہے کہ دونوں رہنما علاقائی اور عالمی امن کے علاوہ سلامتی سے متعلق امور سمیت دیگر معاملات پر بھی وسیع تر تبادلۂ خیال کریں گے۔

وزیر خارجہ مارکو روبیو کواڈ کے وزراء خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کی غرض سے 4 دن کے دورے پر کل بھارت پہنچے۔ انہوں نے کل وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کی اور انہیں دفاع، اہم ٹکنالوجیز، تجارت اور سرمایہ کاری کے علاوہ توانائی کی

فراہمی، کنیکٹی وِٹی، تعلیم اور عوام سے عوام کے درمیان تعلقات سمیت بہت سے شعبوں میں دوطرفہ تعاون میں ٹھوس پیشرفت کے بارے میں جانکاری فراہم کی۔

جناب مودی نے زور دیتے ہوئے کہا کہ بھارت اور امریکہ، عالمی بھلائی کیلئے ملکر کام کرتے رہیں گے۔ وزیر اعظم نے امن کوششوں کیلئے بھارت کی مسلسل حمایت کا اعادہ کیا اور مذاکرات اور سفارتکاری کے ذریعے تنازعات کے پُر امن حل کی اپیل کو دوہرایا۔

وزیر خارجہ جناب روبیو نے مغربی ایشیاء کی صورتحال سمیت مختلف علاقائی اور عالمی امور پر امریکی موقف ساجھا کیے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C - Priya Mondal**

*کواڈ وزرائے خارجہ کی میٹنگ اِس مہینے کی 26 تاریخ کو منعقد ہوگی۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، آسٹریلیائی وزیرخارجہ پینی وانگ، جاپان کے وزیر خارجہ* **Toshimitsu Motegi** *اور امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو اِس میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ ایک آزاد اور کُھلے بھارت-بحرالکاہل خطے کیلئے کواڈ کے وژن کو مدنظر رکھتے ہوئے وزرائے خارجہ ترجیحی شعبوں میں کواڈ کے تعاون کو آگے بڑھانے کے بارے میں خیالات کا تبادلہ کریں گے، کواڈ کے جاری اقدامات پر پیش رفت کا جائزہ لیں گے اور بھارت-بحرالکاہل خطے میں حالیہ پیش رفت اور باہمی طور پر متعلقہ دیگر بین الاقوامی امور پر غور کریں گے۔*

*دِلی سے سپرنا سائیکیا اور پریا مونڈل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.................فہیم احمد*

**[Goyal Canada Visit]**

تجارت و صنعت کے وزیر پیوش گوئل کل سے بھارتی کاروباری رہنماؤں کے ایک وفد کے ساتھ کینیڈا کے تین روزہ دورے پر ہوں گے۔ وزارت تجارت نے مطلع کیا ہے کہ تجارت، سرمایہ کاری اور بھارت کینیڈا، جامع اقتصادی شراکت داری معاہدے، CEPA کے مذاکرات کو آگے بڑھانے کیلئے، اوٹاوا اور ٹورنٹو میں دوطرفہ مصروفیات میں حصہ لیں گے، جو اس دورے کا مرکزی محور ہے۔ اس سال مارچ میں کینیڈا کے وزیر اعظم مارک کارنی کے دورۂ بھارت کے دوران Terms of Reference پر دستخط کیے گئے تھے۔ مذاکرات کا پہلا دور مارچ میں ورچوئل طریقے سے منعقد کیا گیا تھا اور دوسرا دور 8 مئی کو ختم ہوا تھا۔

اس دورے کے دوران اوٹاوا میں مذاکرات کے اگلے دور کا انعقاد کیا جائے گا۔ دونوں فریق اس سال کے آخر تک ایک توازن اور باہمی طور پر فائدہ مند CEPA کو جلد حتمی شکل دینے کی سمت میں کام کر رہے ہیں، جس کا مشترکہ مقصد 2030

تک دوطرفہ تجارت کو 70 ارب کینیڈیائی ڈالر تک پہنچانا ہے۔×

**Ayushman Bharat WB**

مغربی بنگال میں اِس سال جولائی سے آیوشمان بھارت اسکیم کا آغاز ہوگا۔ وزیراعلیٰ شوبھیندو ادھیکاری نے کل کولکاتا میں صحت کے مرکزی وزیر جے پی نڈا کے ساتھ ورچوئل وسیلے سے ایک میٹنگ کے بعد یہ اعلان کیا۔ ریاستی صحت اسکیم سواستھیہ ساتھی کے تحت پہلے سے موجود مستفیدین کو آیوشمان بھارت اسکیم میں جوڑا جائے گا۔ آیوشمان بھارت آروگیہ مندر کے سلسلے میں ایک مفاہمت نامے پر جون میں نئی دِلی میں دستخط ہوں گے۔

جناب ادھیکاری نے کہا کہ مغربی بنگال میں پی ایم جن اوشدھی کیندروں کی تعداد 117 سے بڑھا کر 469 کرنے کے سلسلے میں مرکز کو ایک تجویز بھیجی گئی ہے۔

وزیراعلیٰ نے یہ بھی کہا کہ علی پور دوار، Kalimpong اور جنوبی دیناجپور میں نئے میڈیکل کالجز اور شمالی بنگال کیلئے ایک نئے ایمس کے سلسلے میں تجاویز بھی مرکزی حکومت کو بھیجی جاچکی ہیں۔×

**TCS Forced Conuersion Case**

مہاراشٹر میں TCS Facility کے خلاف میں مبینہ طور پر جنسی زیادتی اور مذہب تبدیل کرانے کی کوشش کرنے کے معاملے میں ناسک کی ایک عدالت میں 1500 صفحات پر مشتمل ایک فردجرم دائر کی گئی ہے۔

SIT کے چیف Sandeep Mitke کے مطابق یہ فردجرم چار ملزمان Danish Shaikh، Nida Khan، Matin Patel اور Tausif Attar کے خلاف کل دائر کی گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملے سے متعلق سات سے آٹھ افراد کے خلاف اضافی فردجرم اگلے تین سے چار روز کے دوران دائر کی جائے گی۔×

**Nadda - NBEMS Convocation**

صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر جے پی نڈّا نے کہا ہے کہ حفظانِ صحت کے بنیادی ڈھانچے کے ساتھ، صحت اور طبّی پیشہ ور افراد کی تربیت یکساں طور پر اہم ہے۔ انہوں نے یہ بیانات کل نئی دلّی میں میڈیکل سائنسز میں امتحانات کے قومی بورڈ کی تقسیم اسناد کی 23 وِیں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

جناب نڈّا نے اس بات پر زور دیا کہ ڈاکٹروں کو حفظانِ صحت کے نظام کے سافٹ ویئر کے طور پر اپنی خدمات انجام دینا چاہئیں، وہیں بنیادی ڈھانچے اور دیگر سہولیات کو ملک کیلئے ہارڈویئر کے طور پر کام کرنا چاہیے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ ملک کے اُبھرتے ہوئے طبّ کے مختلف شعبوں کے ماہرین کو اعزاز دے کر بھارت اپنے حفظانِ صحت کے ایکو نظام کے مستقبل کو ایک شکل دے رہا ہے۔

میڈیکل سائنسز میں امتحانات کے قومی بورڈ کے بارے میں بات کرتے ہوئے جناب نڈّا نے کہا کہ اِس انسٹی ٹیوٹ نے

ایک مضبوط برانڈ تعمیر کیا ہے، جو کہ حفظانِ صحت میں پیشہ ورانہ صلاحیت، مفاہمت اور ساکھ کو پیش کیا ہے۔ انہوں نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ مریض کی دیکھ بھال میں اور زیادہ سہولیات پیدا کرنے اور اُنہیں مستحکم بنانے کیلئے 11 نئے کورسز شروع کیے گئے ہیں۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

**G-Ram-G Draft Rules**

حکومت نے وسیع تر عوامی صلاح و مشورے کیلئے VB - G Ram G Act 2025 کیمن تحت ضابطوں کا مسودہ شائع کر دیا ہے۔ دیہی ترقی کی وزارت نے کہا ہے کہ کوئی بھی فرد و فریق، تنظیم یا کوئی ادارہ اگلے ماہ کی 21 تاریخ تک صلاح و مشورہ کیلئے ضابطوں کے مسودے پر اپنے اعتراضات یا تجاویز پیش کر سکتا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Akshit

وِکست بھارت جی رام جی ایکٹ نے 20 سال پرانے مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار گارنٹی ایکٹ (ایم جی نریگا) 2005 کی جگہ لے لی ہے۔ اس قانون کا مقصد ایک مالی سال میں قانونی روزگار کی ضمانت 100 دن سے بڑھا کر 125 دن کرنا ہے۔ وزارت کے مطابق ضابطوں کے مسودے، سیکشن 33 اور اس قانون کی دیگر موجودہ شقوں کے مطابق وضع کئے گئے ہیں۔

وزارت نے کہا ہے کہ عبوری شقوں کے ضابطے، قومی سطح کی قائمہ کمیٹی کے ضابطوں، مرکزی گرامین روزگار گارنٹی کونسل کے ضابطے، انتظامی اخراجات کے ضابطے و شکایات کے ازالے سے متعلق ضابطے سمیت ضابطوں کے مسودے صلاح و مشورے کیلئے عوامی سطح پر رکھے گئے ہیں۔

نئے قانون میں بروقت، شفاف اور جوابدہ اُجرت کی ادائیگیوں پر کافی زور دیا گیا ہے۔ اِس قانون میں بے روزگار بھتے کی بھی گنجائش فراہم کی گئی ہے، بشرطیکہ مقررہ وقت کے اندر کام نہیں فراہم کیا جاتا۔ VB-G Ram G ایکٹ 2025 اس سال پہلی جولائی سے نفاذ کے ساتھ تمام ریاستوں و مرکز کے زیرانتظام علاقوں میں شروع کرنے کیلئے اِس ماہ کی گیارہ تاریخ کو نوٹیفائی کیا گیا تھا۔

نئی دہلی سے Akshit Vedyan کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.................حسین اختر

**Trump Iran**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ اسرائیل اور خطّے میں دیگر حلیف ملکوں کے ساتھ فون پر گفتگو کے بعد آبنائے ہُرمز کو دوبارہ کھولنے سمیت ایران کے ساتھ سمجھوتے پر بڑی حد تک مذاکرات ہوئے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں اس پیشرفت کا اعلان کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے کہا کہ اس معاہدے کے حتمی پہلوؤں اور تفصیلات پر تبادلۂ خیال کیا جا رہا ہے اور جلد ہی ان کا اعلان کر دیا جائے گا۔

صدر ٹرمپ نے کہا کہ انہوں نے اسرائیل کے ساتھ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر، پاکستان، ترکی، مصر، اردن اور بحرین کے لیڈروں کے ساتھ بات چیت کی تھی۔

اس سے پہلے ایرانی وزارتِ خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے سرکاری ٹیلی ویژن پر بتایا کہ پچھلے ہفتے امریکہ اور ایران کے موقف میں کچھ تبدیلیاں آئی ہیں، لیکن انہوں نے خبردار کیا کہ اس کا مطلب یہ نہیں کہ اہم امور پر سمجھوتے ہو جائیں گے۔ انہوں نے امریکیوں پر متضاد بیانات دینے کا الزام لگایا۔ ایران، 8 اپریل کو جنگ بندی پر متفق ہوا تھا اور اس کے بعد سے واشنگٹن اور تہران ایک طویل مدّتی امن معاہدے پر بات چیت میں مصروف ہیں۔×

**US Shooting**

واشنگٹن میں صدارتی کامپلیکس کے نزدیک گولیوں کے چلنے کی آواز سننے کے بعد وہائٹ ہاؤس کے نزدیک سکیورٹی کے تعلق سے خوف و ہراس پیدا ہو گیا۔ اس سے قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کی طرف سے فوری طور پر کارروائی کی گئی۔ امریکہ کی خفیہ سروس نے پیش آئے اس واقعے کے نزدیک ایک مشتبہ شخص کو گولی مار کر ہلاک کر دیا اور افراتفری کے دوران ایک راہگیر کو بھی گولی لگی ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اُس وقت وہائٹ ہاؤس میں موجود تھے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں FBI کے ڈائریکٹر Kash Patel نے کہا ہے کہ وہ اس واقعے کی تفصیلات حاصل کرنے کے بعد عوام کو جانکاری فراہم کریں گے۔×

**EBola Outbreak Congo**

جمہوریۂ کونگو میں حکام نے بتایا ہے کہ ملک میں Ebola وائرس کے پھیلنے سے مرنے والوں کی تعداد اب بڑھ کر 204 ہو گئی ہے۔ ملک کی وزارتِ صحت کے مطابق اب تک 204 اموات ریکارڈ کی گئی ہیں، جبکہ Ebola وائرس کے کُل 867 کیسز سامنے آئے ہیں۔ ×

**IMD Weather**

بھارت کے محکمہ موسمیات، IMD نے آج دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، مشرقی مدھیہ پردیش، مشرقی اترپردیش اور وِدربھ کے حصوں میں سخت گرمی کی لہر کی پیشگوئی کی ہے۔ بہار، چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ، اُڈیشہ، پنجاب، راجستھان، تلنگانہ، مغربی مدھیہ

پردیش اور مغربی اترپردیش میں بھی اس طرح کی صورتحال رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات کے مطابق آج دن کے دوران ساحلی آندھرا پردیش، گنگائی مغربی بنگال اور اُڈیشہ میں گرم اور مرطوب موسم رہنے کا امکان ہے۔ تلنگانہ، اترپردیش اور وِدربھ میں رات میں گرمی کی توقع ہے۔

محکمۂ موسمیات نے آسام، میگھالیہ، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم کے کچھ حصوں میں آج شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

آج انڈمان اور نکوبار جزائر، بہار، جموں اور کشمیر، لداخ، کیرالہ، ماہے، کونکن، گوا، لکشدیپ اور شمال مشرقی بھارت کے کچھ حصوں میں گرج چمک کا امکان ہے۔×

## Athletics Federaiton Cup

Gurindervir Singh نے 10 اعشاریہ صفر نو سیکنڈ کے ایک نئے قومی ریکارڈ ٹائمنگ کے ساتھ 2026 کے ایتھلیٹکس فیڈریشن کپ میں مردوں کے 100 میٹر مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا۔ انہوں نے اپنے سابقہ ذاتی بہترین ریکارڈ کو بھی پیچھے چھوڑا، جو 10 اعشاریہ ایک سات سیکنڈ کا تھا اور 10 اعشاریہ ایک چھ سیکنڈ کے کامن ویلتھ گیمز میں کوالیفکیشن نشانے کو آسانی سے عبور کر لیا۔ Animesh Kujur نے 10 اعشاریہ دو صفر سیکنڈ کے ٹائمنگ کے ساتھ چاندی کا تمغہ حاصل کیا، جبکہ پرنوئے پرمود نے 10 اعشاریہ دو نو سیکنڈ میں اپنا مقابلہ جیت کر کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔

مردوں کے 400 میٹر مقابلے میں وِشال ٹی۔کے نے بھی سونے کا تمغہ جیتا اور 44 اعشاریہ نو آٹھ سیکنڈ کا ایک نیا قومی ریکارڈ بنایا اور اس مقابلے میں وہ پہلے بھارتی ایتھلیٹ بن گئے، جنہوں نے 45 سیکنڈ کا ریکارڈ توڑا۔

البتہ وہ صفر اعشاریہ صفر دو سیکنڈ سے 24 اعشاریہ نو چھ سیکنڈ کے فرق سے کامن ویلتھ گیمز میں کوالیفکیشن کا نشانہ حاصل کرنے سے چوک گئے۔ راجیش رمیش نے 45 اعشاریہ تین ایک سیکنڈ ٹائمنگ کے ساتھ چاندی کا تمغہ جیتا، جبکہ جئے کمار نے 45 اعشاریہ چار سات سیکنڈ میں اپنا مقابلہ ختم کرنے کے بعد کانسے کا تمغہ جیتا۔×

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں کل رات لکھنؤ کے ایکانا کرکٹ اسٹیڈیم میں پنجاب کنگز نے شریاس ایئر کی 101 رن کی شاندار کارکردگی کے ساتھ لکھنؤ سپر جائنٹس کو سات وکٹ سے ہرادیا۔ لکھنؤ سپر جائنٹس کی جانب سے 197 رن کے نشانے کا تعاقب کرتے ہوئے پنجاب کنگز نے 18 اوورز میں تین وکٹ پر 200 رن بنائے۔

آج دو میچ ہونے ہیں، جس میں پہلا میچ سہ پہر ساڑھے تین بجے ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں ممبئی انڈینس اور راجستھان رائلس کے درمیان ہوگا۔

دوسرا میچ شام ساڑھے سات بجے کولکاتا کے ایڈن گارڈنس میں کولکاتا نائٹ رائیڈرس اور ڈیلی کیپٹلس کے درمیان ہوگا۔×

## Must Annauncement Pepples Padma

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو کل شہری اعزاز عطا کرنے کی تقریب میں سال 2026 کیلئے پدم ایوارڈز پیش کریں گی۔ اس

موقع پر ہم People's Padma on Akashvani سیریز کے حصے کے طور پر 16 پروگرام پیش کررہے ہیں۔ ان قسطوں میں آپ پدم ایوارڈ حاصل کرنے والوں کی حیات و خدمات کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کریں گے۔ یہ اپی سوڈس آج اور کل 100 اعشاریہ ایک آکاشوانی گولڈ پر نشر کئے جائیں گے۔ اِسے News on AIR App اور News on AIR Officiel یوٹیوب چینل پر بھی سنا جاسکتا ہے۔ تو سنتے رہیے آج اور کل، صبح 9 بجکر 10 منٹ سے آکاشوانی پر۔×

**Meghalaya 90 Years Akashvani**

میگھالیہ میں ایک سرکاری نشریاتی ادارے کے طور پر ملک و قوم کیلئے آکاشوانی کی خدمات کے 90 سال پورا ہونے کے موقع پر شیلانگ میں سرکاری کنونشن ہال میں کل شام ایک شاندار موسیقی پروگرام کا انعقاد ہوا۔ اس کا مشترکہ اہتمام آکاشوانی شیلانگ اور آکاشوانی نارتھ ایسٹرن سروسز نے کیا تھا۔ موسیقی کی ایک شام کے اس شاندار پروگرام میں سرکردہ فنکاروں، میگھالیہ کے Bandsنے شاندار کارکردگی پیش کی۔

پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی، میگھالیہ سرکار کے پرنسپل سکریٹری Frederick Roy Kharkongor نے آکاشوانی کے رول کو اُجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک بڑا سنگ میل ہے۔ آکاشوانی ملک کے 90فیصد سے زیادہ جغرافیائی علاقے کا احاطہ کرتا ہے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ -آسیہ

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے امریکی وزیرخارجہ مارکو روبیو کے بھارت دورے سے متعلق خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

اخبار انقلاب کی اس سلسلے میں شہ سرخی ہے: 'امریکی وزیرخارجہ مارکو روبیو کی وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات' وزیراعظم نے کہا: 'بھارت-امریکہ عالمی امن وترقی کیلئے مل کر کام کریں گے'۔ اخبار ہندوستان ایکسپریس کی ایک نمایاں سرخی ہے: 'وزیراعظم نے 51 ہزار نوجوانوں کو تقررنامے تقسیم کئے۔ کہا وکست بھارت میں نوجوانوں کا اہم رول۔ اخبار نے ملک میں جاری شدید گرمی سے متعلق سرخی لگائی ہے، 'اگلے چند دنوں میں دہلی-این سی آر سمیت ملک کے بڑے حصوں میں گرمی سے راحت کی کوئی امید نہیں'۔

اخبار پرتاپ نے بھارتیہ جنتاپارٹی کے قومی ترجمان آر-پی-سنگھ کے اس بیان کو صفحہ اوّل پر شائع کیا ہے 'کہ سنگین مالی اور

انتظامی بحران کی طرف بڑھ رہا ہے پنجاب'۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

÷ چین میں کوئلے کی کان میں دھماکہ، 90 کان کن ہلاک
÷ ایران پر ممکنہ حملوں کی خبروں پر عالمی سطح پر تشویش
÷ شورش زدہ سوڈان میں ہیضہ سے 75 افراد ہلاک
÷ غزہ میں 51 ممالک اسرائیل کو اسلحہ فراہم کررہے ہیں، نشریاتی ادارے الجزیرہ کی رپورٹ میں انکشاف
÷ جنوبی لبنان پر اسرائیلی فضائی حملے میں گیارہ افراد ہلاک، 13 زخمی
÷ سعودی عرب میں عازمین حج کی تعداد 15 لاکھ، 18 ہزار سے تجاوز کرگئی۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج نئی دلّی میں امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو کے ساتھ باہمی مذاکرات کریں گے۔

2- آیوشمان بھارت اسکیم، جولائی سے مغربی بنگال میں شروع ہونے جا رہی ہے۔ اس میں Swasthya Sathi مستفیدین کو شامل کیا جائے گا۔

3- مہاراشٹر SIT نے، ناسِک TCS جنسی زیادتی اور مذہب کی تبدیلی کے کیس میں، 4 ملزمان کے خلاف فردِ جرم دائر کی ہے۔

4- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ آبنائے ہُرمز کو دوبارہ کھولنے سمیت ایران کے ساتھ سمجھوتے پر بڑی حد تک بات چیت ہو گئی ہے۔

5- بھارت کے محکمۂ موسمیات نے آج دلّی سمیت شمالی، وسطی اور مشرقی بھارت کے کچھ حصوں میں شدید گرمی رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

6- ایتھلیٹکس میں، رانچی میں Gurindervir Singh نے فیڈریشن کپ میں ایک نئے قومی ریکارڈ کے ساتھ مردوں کے 100 میٹر مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---